**20-07-2024**

**08.30 Hrs**

**HL-Opening**

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں　　　　محمدعمار

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

-------------------------------------------------------------

**1** پوری دنیا میں **IT** کی بڑے پیمانے پر خرابی کے سبب، ایئرلائنز سے لے کر حفظان صحت تک عالمی خدمات میں، جو رکاوٹ آگئی تھی، اُسے رفتہ رفتہ دور کیا جارہا ہے۔

**2** مائیکروسوفٹ خدمات میں رکاوٹ آجانے کے سبب بھارت کے، مالی اور رقوم کی ادائیگیوں کے نظام پر عام طور پر کوئی اثر نہیں پڑا ہے۔

**3** بھارت نے بھوٹان کے ساتھ قریبی مضبوط رشتوں کے عزم کو دوہرایا ہے۔ اُس نے دوطرفہ تعلقات کو مزید مستحکم بنانے اپنے عہد کا اظہار کیا۔

**4** بنگلہ دیش نے پورے ملک میں کرفیو نافذ کردیا ہے اور فوج تعینات کردی ہے۔ یہاں کوٹہ مخالف مظاہروں میں مرنے والوں کی تعداد 100 سے زیادہ ہوگئی ہے۔

**5** خواتین کے ایشیا کپ ٹی-ٹوینٹی کرکٹ میں، سری لنکا کے شہر **Dambulla** میں بھارت نے اپنے پہلے میچ میں پاکستان کو سات وکٹ سے ہرایا۔

**6** اور **Swedish** اوپن ٹینس میں آج **Bastad** میں مردوں کے سنگلز کے سیمی فائنلز میں **Rafael Nadal** کا مقابلہ **Duje Ajdukovic** سے ہوگا۔

اب خبریں تفصیل سے۔

**Overall Worldwide IT Outage**

پوری دنیا میں ایئرلائنز سے لے کر حفظام صحت تک کی خدمات میں کَل کئی گھنٹے تک **IT**میں بڑے پیمانے پر خرابی آجانے کے سبب، جو کمپیوٹر نظام میں رکاوٹ آگئی تھی، اُسے رفتہ رفتہ دور کیا جارہا ہے۔ دنیا بھر میں لاکھوں لوگ، مائیکروسوفٹ کے سوفٹ ویئر میں خرابی آجانے کے سبب متاثر ہوئے تھے۔ کاروبار، بینک خدمات، اسپتال اور ایئرلائنز کا کام کاج اِس خرابی کے سبب سب سے زیادہ متاثر ہوا تھا۔

مائیکرو سوفٹ کے سی ای او ستیہ نارائن نڈیلا نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں بتایاکہ وہ کراؤڈ اسٹرائک کے ساتھ ملکر کام کر رہے ہیں تاکہ صارفین سے متعلق تکنیکی رہنمائی اور مدد فراہم کی جاسکے اور نظام کو محفوظ طریقے سے آن لائن بحال کیا جاسکے۔

کراؤڈ اسٹرائک کے سی ای او نے اِس رکاوٹ پر معذرت کا اظہار کیا ہے اور کہاہے کہ اِسے دور کرنے کیلئے ہدایت جاری کردی گئی ہے۔ انہوں نے اعتراف کیا کہ اِس میں کچھ وقت لگے گا۔

کچھ ایئرلائن خدمات معمول پر واپس آنی شروع ہوگئی ہیں۔ دنیا بھر میں **IT** سے متعلق اِس خرابی کے سبب پانچ ہزار سے زیادہ پروازوں کو منسوخ کرنا پڑا۔

بھارت میں بہت سی پروازوں کو التوا میں رکھنا پڑا یا پھر منسوخ کرنا پڑا۔ اندراگاندھی بین الاقوامی ہوائی اڈے پر بھی پروازیں متاثر ہوئیں۔

حیدرآباد کے راجیو گاندھی بین الاقوامی ہوائی اڈے پر بھی مختلف ایئرلائنوں کی تقریباً 30 پروازوں میں رخنہ پیدا ہوا۔

الیکٹرانکس اور اطلاعاتی ٹیکنالوجی کے وزیر اشونی ویشنو نے کہاہے کہ حکومت، مائیکرو سوفٹ اور اُس سے متعلق ایجنسیوں کے ساتھ رابطہ رکھے ہوئے ہیں۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب ویشنو نے کہاکہ بھارت کی، کمپیوٹر سے متعلق ہنگامی صورتحال میں کارروائی کرنے والی ٹیم**CERT-In** ، بنیادی ڈھانچے سے متعلق اہم کمپنیوں کے چیف انفارمیشن سکیورٹی افسران کے ساتھ مل کر کام کر رہی ہے۔ انہوں نے

یہ بھی بتایاکہ سبھی متاثرہ کمپنیاں اپنے نظام کو بحال کرنے کیلئے لگاتار کام کر رہی ہے اور بہت سی جگہوں پر یہ نظام جزوی طور پر کام بھی کرنے لگا ہے۔**x**

**RBI IT Outage**

بھارت کا مالی اور رقوم کی ادائیگیوں کا نظام، مائیکروسوفٹ خدمات کی رکاوٹ سے عام طور پر متاثر نہیں ہوا۔ بھارتیہ ریزرو بینک نے ایک بیان میں کہاہے کہ اُس نے اپنی باضابطہ ایجنسیوں پر اِس خرابی کے اثرات کا جائزہ لیا۔ جائزے سے پتہ چلا کہ محض 10 بینکوں اور **NBFCs** میں معمولی روکاٹ آئی ہے، جسے یاتو دور کردیا گیا ہے یا دور کیا جارہا ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ مجموعی طور پر بھارتیہ بینک کے اختیار والے بھارتی مالی شعبے پر اِس عالمی سطح کی خرابی کا کوئی اثر نہیں پڑا۔ آر بی آئی نے بتایاکہ زیادہ تر بینکوں کے اہم نظام کو کوئی خطرہ لاحق نہیں ہے اور مزید یہ کہ محض کچھ ہی بینک **Crowd Strike Tool** کا استعمال کر رہے ہیں۔

بھارت کے رقوم کی ادئیگیوں کے قومی کارپوریشن **NPCI** کے چیف ایگزیکٹو دلیپ **Asbe** نے کہاکہ ملک کے رقوم کی ادئیگیوں کے نظام پر کوئی اثر نہیں پڑا ہے جس میں مقبول عام **UPI** بھی شامل ہے۔

**RBI** نے کہاکہ اُس نے اپنے سبھی باضابطہ اداروں کو ہدایت جاری کی ہے کہ وہ چوکس رہنے کیلئے سبھی ضروری اقدامات کریں اور کام کاج کو صورتحال کے مطابق جاری رکھنے کو یقینی بنائیں۔**x**

**Amit Shah Jharkhand**

مرکزی وزیر داخلہ اور بی جے پی کے سینئررہنما امت شاہ آج جھارکھنڈ کے رانچی کے ایک روزہ دورے پر ہوں گے۔ وہ ریاستی بی جے پی کی توسیع شدہ ورکنگ کمیٹی کی میٹنگ سے خطاب کریں گے۔ جھارکھنڈ بی جے پی کے سربراہ بابولال مرانڈی نے کہا ہے کہ جناب

شاہ حال ہی میں ہوئے لوک سبھا انتخابات میں **NDA** کے ساتھ ساتھ پارٹی کی کارکردگی کا جائزہ لیں گے۔ اس سال کے آخر میں ریاست میں اسمبلی انتخابات بھی ہونے والے ہیں۔

**Vaishnav Technical Education**

مرکزی وزیر اشونی ویشنو نے کہا ہے کہ مرکزی حکومت مختلف اقدامات کے ذریعے سرکاری تکنیکی تعلیم کے شعبے کی ترقی کیلئے ہرممکن کوشش کررہی ہے۔ انہوں نے سرکاری ٹیکنیکل انجینئرنگ اداروں سے کہاکہ وہ نئے خیالات اور تصورات لے کر آئیں اور مرکز کو فوری طور پر اپنی تجویز ارسال کریں تاکہ مرکز اُنہیں اس کے مطابق بہترین سہولتیں فراہم کرسکے۔ جناب اشونی ویشنو کل ممبئی میں مہاراشٹر کی اعلیٰ اور تکنیکی تعلیم کے وزیر چندرکانت دادا پاٹل کے ساتھ ایک میٹنگ کے دوران اظہارخیال کررہے تھے۔ اِس موقع پر تکنیکی تعلیم سے متعلق مہاراشٹر ریاستی بورڈ کے ذریعے قائم کئے جارہے روبوٹکس اور آٹومیشن اور **IIT 3D** پینٹنگ میں مہارت کے مرکز سے متعلق ایک پرزنٹیشن تیارکیاگیا۔

**MP Industry**

مدھیہ پردیش سرکار آج جبل پور میں صنعت سے متعلق ایک علاقائی کانفرنس منعقد کر رہی ہے، جس کا مقصد صنعتی اور تجارتی سرگرمیوں کی حوصلہ افزائی کرنا ہے۔ وزیراعلیٰ ڈاکٹر موہن یادو کانفرنس کا افتتاح کریں گے۔

اِس موقع پر نوتعمیر شدہ نیتاجی سبھاش چندر بوس، ثقافتی اور اطلاعاتی مرکز کا بھی افتتاح کیا جائے گا۔ یہ مرکز 80 کروڑ روپے کی لاگت سے تیار کیا گیا ہے۔ صنعت سے متعلق یہ علاقائی کانفرنس اسی مرکز میں منعقد کی جارہی ہے۔

صنعت سے متعلق علاقائی کانفرنس میں صنعت کی تین ہزار 500 سے زیادہ ممتاز شخصیتیں شرکت کریں گی، جن میں سرکردہ صنعتکار، صنعت سے متعلق مختلف

ایسوسی ایشنوں اور غیرملکی وفود کے نمائندگان شامل ہیں۔ تائیوان، ملیشیا، برطانیہ، فیجی، جاپان اور انڈونیشیا کے نمائندگان بھی کانفرنس میں شرکت کریں گے۔ وزیراعلیٰ ڈاکٹر موہن یادو 60 سے زیادہ یونٹوں کا ورچوئل وسیلے سے افتتاح کریں گے اور صنعتکاروں کے ساتھ یکے بعد دیگرے بات چیت کریں گے۔ کانفرنس میں پانچ علاقائی اجلاس منعقد کیے جائیں گے۔ کانفرنس میں 300 سے زیادہ **Buyer-Seller** میٹنگیں منعقد کی جائیں گی۔

بھوپال سے سنجیو شرما کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں مجیب اختر

**Uttrakhand**

اتراکھنڈ میں **Gross Environmental Product GEP Index** کے ذریعے ماحولیاتی ایکو نظام کے فروغ کا جائزہ لیا جائے گا۔ وزیراعلیٰ پُشکر سنگھ دھامی نے کَل دہرادون میں **GEP** انڈیکس کا آغاز کیا۔ انہوں نے کہاکہ اب**GEP** ، ریاست میں جی ڈی پی کے ساتھ ساتھ بھی جاری کیا جاسکتا ہے۔ اِس کے جائزے سے ماحولیات اور معاشیات کے درمیان بہتر ہم آہنگی قائم کی جاسکتی ہے۔

جناب دھامی نے کہاکہ **GEP** انڈیکس سے ماحولیات کے بارے میں بیداری میں اضافہ ہوا۔

**India Post Rakhi**

بھارتیہ ڈاک نے لوگوں کو مشورہ دیا ہے کہ وہ اپنے عزیزوں تک راکھیوں کی بروقت وصولی کو یقینی بنانے کیلئے آئندہ 31 جولائی تک راکھی بھیجنے کا منصوبہ بنائیں۔ بھارتیہ ڈاک نے لوگوں کو مشورہ دیا ہے کہ وہ بین الاقوامی میلنگ کی پیچیدگیوں کو دور کرنے کیلئے ”کچھ کریں اور نہ کریں“ پر عمل کریں اور تاخیر اور کسٹم سے متعلق رکاوٹوں کے امکان کو کم سے کم کریں۔ لوگوں کو کلیئرنس کے عمل کو تیز کرنے کیلئے کسٹم ڈکلریشن فارم پیکج کے مندرجہ جات کو درست طریقے سے ظاہر کرنا چاہئے۔

**Amarnath Yatra jammu**

سیکورٹی کے پختہ انتظامات کے دوران تین ہزار 471 یاتریوں کا ایک اور جتھہ آج صبح سویرے جموں میں بھگوتی نگر یاتری نواس کے بنیادی پڑاؤ سے کشمیر وادی کیلئے روانہ ہوا جہاں سے وہ امرناتھ گپھا میں درشن کیلئے اپنے آگے کے سفر پر جائے گا۔ یہ یاتری 114 گاڑیوں کے قافلے میں روانہ ہوئے۔

اِن میں سے ایک ہزار 73 یاتری بالتل بنیادی پڑاؤ کیلئے جبکہ دو ہزار398 یاتری پہلگام کے بنیادی پڑاؤ کیلئے روانہ ہوئے، جہاں سے وہ امرناتھ گپھا کے درشن کیلئے اپنے آگے کے سفر پر جائیں گے۔

**Govt Ken Betwa Project**

مرکز نے اترپردیش اور مدھیہ پردیش دونوں سے زور دے کر کہاہے کہ وہ زمین کو قبضے میں لینے کے کام میں تیزی لائیں اور **Ken Betwa Link Project** سے متعلق سبھی زیرالتوا تفصیلی پروجیکٹ رپورٹس کو تیزی سے مکمل کریں۔

دریاؤں کو باہم مربوط کرنے والے اِس پروجیکٹ میں مدھیہ پردیش کے **Ken** دریا سے، اترپردیش کے **Betwa** دریا تک اضافی پانی کو لے جانے کی تجویز پیش کی گئی ہے تاکہ بندیل کھنڈ خطے میں آب پاشی کی جاسکے۔

کَل نئی دلّی میں **Ken Betwa Link Project** اتھارٹی کی رہبر کمیٹی کی چھٹی میٹنگ منعقد ہوئی، جس کی قیادت آبی وسائل کے محکمے، دریاؤں کے فروغ اور گنگا کی صفائی ستھرائی کے محکمے کے سکریٹری دیواشیش مکھرجی نے کی۔**x**

**PM Condolence**

وزیراعظم نریندرمودی نے ڈاکٹر **MS Valiathan** کے انتقال پر تعزیت کا اظہار کیاہے۔ ڈاکٹر **MS Valiathan** حفظان صحت اور طبی تحقیق کے شعبے میں سرخیل کی حیثیت رکھتے تھے۔ اپنے پیغام میں جناب مودی نے کہا کہ اُن کے گراں قدر تعاون نے انمٹ نقوش چھوڑے

ہیں اور لاتعداد لوگوں کو فائدہ پہنچایاہے۔انہوں نے مزید کہا کہ کفایتی اور اعلیٰ معیار کے اختراعات کیلئے ہمیشہ یاد رکھے جائیں گے۔ جناب مودی نے مزید کہا کہ وہ ملک میں طبی تعلیم کے شعبے کو بہتر بنانے میں بھی پیش پیش رہتے تھے۔

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

**Foreign Secy Bhutan**

بھارت نے بھوٹان کے ساتھ قریبی دوستانہ تعلقات کا اعادہ کیاہے اور بھوٹان کی حکومت اور اس کے عوام کی ترجیحات کے مطابق دوطرفہ تعلقات کو مزید مستحکم کرنے کے پختہ عزم کا وعدہ کیا ہے۔ بھوٹان کی ترقی کے مقصد کیلئے خیرسگالی کے یہ جذبات خارجہ سکریٹری وکرم مسری نے کل تھیمپو میں بھوٹان کے وزیراعظم شیرنگ توبگے کو پہنچائے۔ جناب مسری نے بھوٹان کے وزیرخارجہ **D N Dhungyel** سے بھی ملاقات کی۔ انہوں نے باہمی دلچسپی کے دوطرفہ امور اور تمام شعبوں میں مثالی باہمی تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کے طور طریقوں پر تبادلہ خیال کیا۔ خارجہ سکریٹری مسری بھوٹان کے دو روزہ سرکاری دورے پر کل تھیمپو پہنچے۔

**Bangladesh Protest**

بنگلہ دیش نے ملک بھر میں کئی روز پھیلی بے چینی کو، جس میں ہلاکتیں بھی ہوئیں، پولیس کی طرف سے دور کیے جانے میں ناکامی کے بعد کرفیو نافذ کرنے اور فوجی دستے تعینات کرنے کا اعلان کیا ہے۔ ملک میں سرکاری ملازمتوں کیلئے کوٹہ نظام میں اصلاحات کی طلبا کی مانگ اور مظاہروں کے بعد تشدد پھوٹ پڑا تھا۔ مظاہرہ کرنے والے طلبا اور پولیس کے درمیان جھڑپوں میں ابھی تک کم سے کم 105 افراد ہلاک ہوچکے ہیں، جس کے سبب وزیراعظم شیخ حسینہ کی حکومت کیلئے، جو پندرہ سال سے اِس عہدے پر ہیں،

زبردست چیلنج لاحق ہوگئے ہیں۔ محترمہ حسینہ کے پریس سکریٹری نعیم الاسلام خان نے نامہ نگاروں کو بتایاکہ حکومت نے، سول حکام کی مدد کیلئے کرفیو نافذ کرنے اور فوج تعینات کرنے کا فیصلہ کیاہے۔

اسی دوران کَل نئی دلّی میں وزارت خارجہ کے ترجمان رندھیر جیسوال نے میڈیا سے بات کرتے ہوئے کہاکہ وزارت نے بنگلہ دیش میں بھارتی شہریوں سے کہاہے کہ وہ ڈھاکہ میں ہائی کمیشن کی طرف سے جاری ہدایت پر عمل کریں۔

**Gujrat Floods**

گجرات میں، سوراشٹر کے ساحلی اضلاع میں پچھلے دو دن سے شدید بارش کا سلسلہ جاری ہے جس کے سبب نشیبی علاقوں میں سیلاب جیسی صورتحال پیدا ہوگئی ہے۔ ہمارے نامہ نگار نے خبردی ہے کہ دیوبھومی دوارکا اور پوربندر سب سے زیادہ متاثر ہونے والے ضلعے ہیں، جہاں 36 گھنٹے میں سب سے زیادہ 20 انچ بارش درج کی گئی ہے۔

اس دوران بھارتی محکمہ موسمیات نے اگلے دو دن کیلئے سوراشٹر کے 9 ضلعوں اور جنوبی گجرات خطے میں شدید سے شدید تر بارش کی پیشگوئی کی ہے۔

**Womens Cricket Asia Cup**

خواتین ایشیا کپ ٹی ٹوئنٹی کرکٹ میں کل شام سری لنکا کے دمبولہ میں ٹورنامنٹ کے افتتاحی میچ میں دفاعی چمپئن بھارت نے پاکستان کو سات وکٹ سے ہرایا۔ جیت کیلئے 109 رن کے نشانے کا پیچھا کرتے ہوئے بھارتی خواتین ٹیم نے 35 گیند رہتے ہوئے سات وکٹ سے یہ میچ جیت لیا۔ بھارتی سلامی بلے باز اسمرتی مندھانا نے 45 رن بنائے جبکہ شفالی ورما نے 40 رن بنائے۔ اس سے پہلے پاکستان نے ٹاس جیتا اور پہلے بلے بازی کا فیصلہ کیا۔ پاکستان کی پوری ٹیم 19 اوورس دو گیندوں میں 108 رن بناکر آؤٹ ہوگئی۔ دپتی شرما نے صرف بیس رن دے کر تین وکٹ حاصل کئے۔ انہیں میچ کا بہترین کھلاڑی قرار دیاگیا۔ بھارت اپنا اگلا میچ کل متحدہ عرب امارات کے ساتھ کھیلے گا۔

**Tenis Swedish Open**ٍ

سویڈش اوپن ٹینس میں آج سویڈن کے **Bastad** میں مردوں کے سنگلز کے سیمی فائنل میں اسپین کے کھلاڑی رافیل نڈال کا مقابلہ کروشیا کے کھلاڑی **Duje Ajdukovic** سے ہوگا۔ رافیل نڈال ایک دلچسپ مقابلے میں ارجنٹینا کے **Mariano Navone** کو ہراکر سیمی فائنل میں پہنچے ہیں۔ 22 مرتبہ کے گرینڈسلیم چمپئن نڈال نے انہیں چھ سات، سات پانچ، سات پانچ سے ہرایا۔

دوسرے سیمی فائنل مقابلے میں ارجنٹینا کے **Thiago Agustin Tirante** کا مقابلہ پرتگال کے **Nuno Borges** سے ہوگا۔

یہ تھی خبریں

**PRESS COMMENTS**,

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......اسلم بیگ

شکریہ -عمار

راجدھانی دلی سے شائع ہونے والے آج کے تقریباً سبھی اخباروں نے مائیکروسافٹ کا سرور ڈاؤن ہونے کے سبب دنیا بھر میں افراتفری کا ماحول پیدا ہونے سے متعلق خبر کو جلی سرخی کے ساتھ پہلی خبرکے طور پر شائع کیاہے۔اخبارات کے مطابق تکنیکی خرابی کی وجہ سے یہ صورتحال پیدا ہوئی جس سے بیکنگ نظام اور پرواز سمیت کئی خدمات متاثر ہوئیں۔

زیرتربیت آئی اے ایس افسر پوجا کھیڈکر کے خلاف **UPSC** نے ایف آئی آر درج کرائی۔ اس خبر کو روزنامہ ملاپ اور ہندوستان ایکسپریس نے خصوصی طور پر شائع کیاہے، جس میں کہاگیا ہے کہ **UPSC** نے دھوکہ دہی کے الزام میں امیدواری منسوخ کرنے کا نوٹس بھی جاری کیاہے۔

روزنامہ راشٹریہ سہارا اور ملاپ نے نیٹ پیپر لیک معاملہ میں ریمس کی طالبہ کی گرفتاری سے متعلق خبر کو اہمیت دی ہے۔**CBI** نے سربھی نام کی اس طالبہ کو رانچی کے

میڈیکل کالج ریمس سے حراست میں لیا ہے، جس پر لیک پرچے کے جوابات تیار کرنے کا الزام ہے۔

موسمیاتی تبدیلی کمزور لوگوں کو متاثر کرتی ہے۔ روزنامہ پرتاپ نے اس خبر کو صفحہ اول پر شائع کیاہے۔نائب صدرجمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ نے بایوانرجی: ترقی بھارت کا راستہ کے موضوع پر چوتھی بین الاقوامی موسمیاتی سربراہ کانفرنس کے اختتامی اجلاس میں کلیدی خطبہ دیتے ہوئے یہ بات کہی۔

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

**1** پوری دنیا میں **IT** کی بڑے پیمانے پر خرابی کے سبب، ایئرلائنز سے لے کر حفظان صحت تک عالمی خدمات میں، جو رکاوٹ آگئی تھی، اُسے رفتہ رفتہ دور کیا جارہا ہے۔

**2** مائیکروسوفٹ خدمات میں رکاوٹ آجانے کے سبب بھارت کے، مالی اور رقوم کی ادائیگیوں کے نظام پر عام طور پر کوئی اثر نہیں پڑا ہے۔

**3** بھارت نے بھوٹان کے ساتھ قریبی مضبوط رشتوں کے عزم کو دوہرایا ہے۔ اُس نے دوطرفہ تعلقات کو مزید مستحکم بنانے اپنے عہد کا اظہار کیا۔

**4** بنگلہ دیش نے پورے ملک میں کرفیو نافذ کردیا ہے اور فوج تعینات کردی ہے۔ یہاں کوٹہ مخالف مظاہروں میں مرنے والوں کی تعداد 100 سے زیادہ ہوگئی ہے۔

**5** خواتین کے ایشیا کپ ٹی-ٹوینٹی کرکٹ میں، سری لنکا کے شہر **Dambulla** میں بھارت نے اپنے پہلے میچ میں پاکستان کو سات وکٹ سے ہرایا۔

**6** اور **Swedish** اوپن ٹینس میں آج **Bastad** میں مردوں کے سنگلز کے سیمی فائنلز میں **Rafael Nadal** کا مقابلہ **Duje Ajdukovic** سے ہوگا۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

---